# حکومت پاکستان

# وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی

# نظامت حج ملتان

## شارٹ ٹینڈر نوٹس

ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان کو حج سیزن 2025 کیلئے درج ذیل کاموں کے لئے اچھی شہرت کی حامل سیلز ٹیکس/انکم ٹیکس رجسٹرڈ فائلر فرموں/پارٹیوں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ٹینڈر مورخہ 25اپریل 2025 کو دن 11:00 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور اسی دن 11:30 بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

1۔ گاڑیوں کی پارکنگ۔

2۔ سٹال برائے تسبیح،ٹوپی اور احرام وغیرہ۔

3۔ سٹال برائے کینٹین۔

4۔ سٹال برائے فوٹوسٹیٹ۔

**نوٹ:-**

1۔ ٹینڈر دہندہ کو پیشکش کا 5% زرضمانت کا بنک ڈرافٹ،کال ڈیپازٹ(قابل واپسی) بنام" ڈائریکٹر حج ملتان "ٹینڈر کے ساتھ ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان میں جمع کرانا ہو گا۔اس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہو گا۔

2۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10% کے مطابق بطور Performance Security/ زرضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں "بنام ڈائریکٹر حج ملتان" جمع کرانا ہو گا۔جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائے گا۔

3۔ کامیاب بولی دہندگان کو پیشکش کی رقم بذریعہ ڈرافٹ/پے آرڈر بنام "ڈائریکٹر حج ملتان ورک آرڈر جاری ہونے کے تین دن کے اندر جمع کرانا ہو گی۔

4۔ ٹینڈر فارم شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ دینا ہونگے اور پیشکش کی رقم بھی درج کرنا ہو گی۔

5 کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی/فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے اور زرضمانت بھی ضبط کر لے۔

6۔ کینٹین کیلئے کامیاب ٹینڈر دہندہ کو حاجی کیمپ صرف مناسب جگہ مہیا کرے گا۔جس پر ٹینٹ/شامیانہ لگا کر کینٹین کا بندوبست ٹھیکیدار خود کرے گا نیز حاجی کیمپ میں گیس کی سہولت بھی میسر نہیں۔

7۔ PPRA Rule 2004 کے تحت ٹینڈر کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ ایک یا سب ٹینڈر بغیر وجہ بتائے مسترد کر دے اور اس کے خلاف کوئی اپیل قابل قبول نہ ہو گی۔

8۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان حاجی کیمپ کی طرف سے جاری کردہ ورک آرڈر کی شرائط کے پابند ہونگے۔

9۔ ٹینڈر فارم بمعہ شرائط وضوابط دفتری اوقات میں دفتر ہذا سے مفت حاصل کریں اور وزارت کی ویب سائٹ (www.mora.gov.pk) سے بھی ڈاون لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

10۔ تمام ٹینڈر دہندگان کو حکومت پاکستان کی طرف سے لاگو ٹیکسز ادا کرنا ہونگے ٹینڈر دہند کو سیلز ٹیکس رجسٹرڈ/ٹیکس فائلر ہونے کا ثبوت ٹینڈر کے ساتھ لف کرنا ہو گا۔

**ریحان عباس کھوکھر**

ڈائریکٹر(حج)

ڈائریکٹوریٹ آف حج، قلعہ کہنہ، قاسم باغ ملتان

061-9330058

# فارم برائے ٹینڈر

ٹھیکیدار کے کوائف:۔

۱۔نام ٹھیکیدار یا فرم________________________

۲۔مکمل پتہ________________________

۳۔شناختی کارڈ نمبر________________________

۴۔ٹیلیفون (دفتر)________________رہائش________________موبائل________________

:۵۔کرایہ کی پیشکش

مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے

میں________________ولد________________بیان کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ٹینڈر میں حصہ لینے کا خواہشمند ہوں اس ضمن میں مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپے کا بینک ڈرافٹ نمبر________________مورخہ________________بنام ڈائریکٹر حج، ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان بطور زر ضمانت پیش خدمت ہے۔

دستخط۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**Government of Pakistan**
**Ministry of Religious Affairs**
**and Inter-Faith Harmony**
**Directorate of Hajj**
*****

**No.2 (4)/2023- G/DHM/** **Multan, the 08th April, 2025**

**The Deputy Director,**
**Public Procurement Regulatory Authority (Cabinet Division),**
**1st Floor, FBC Building, Sector G-5/2**
**Near State Bank of Pakistan.**
**Islamabad.**
(Ph: 051-9203541)

SUBJECT: **ADVERTISEMENT OF SHORT TENDER NOTICE FOR HAJJ-2025.**

Please find enclosed herewith an advertisement of tender notice for award of contract for provision of various services to the intending pilgrims at Haji camp Multan during Hajj operation-2025 for placing on PPRA's website.

2. You are requested kindly to place the same on PPRA's website accordingly.

**(REHAN ABBAS KHOKHAR)**
Director (Hajj)

Encl: *(As Above)*

**Copy to:-**

1. The Section Officer (HA) Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, Islamabad.
2. The Assistant Director (IT) Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony, Islamabad. (With the request to upload the same on the Ministry Website)

CamScanner

**حکومت پاکستان**

**وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی**

**نظامت حج ملتان**

# شارٹ ٹینڈر نوٹس

ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان کو حج سیزن 2025 کیلئے درج ذیل کاموں کے لئے اچھی شہرت کی حامل سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس رجسٹرڈ فائلر فرموں / پارٹیوں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 25 اپریل 2025 کو دن 11:00 بجے تک وصول کیے جائیں گے اور اسی دن 11:30 بجے ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

1۔ گاڑیوں کی پارکنگ۔

2۔ سٹال برائے تسبیح، ٹوپی اور احرام وغیرہ۔

3۔ سٹال برائے کینٹین۔

4۔ سٹال برائے فوٹوسٹیٹ۔

**نوٹ:۔**

1۔ ٹینڈر دہندہ کو پیشکش کا 5٪ زرضمانت کا بنک ڈرافٹ / کال ڈیپازٹ (قابل واپسی) بنام "ڈائریکٹر حج ملتان" ٹینڈر کے ساتھ ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان میں جمع کرانا ہوگا۔ اس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

2۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10٪ کے مطابق بطور Performance Security / زرضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں "بنام ڈائریکٹر حج ملتان" جمع کرانا ہوگا۔ جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائے گا۔

3۔ کامیاب بولی دہندگان کو پیشکش کی رقم بذریعہ ڈرافٹ / پے آرڈر بنام "ڈائریکٹر حج ملتان ورک آرڈر جاری ہونے کے تین دن کے اندر جمع کرانا ہوگی۔

4۔ ٹینڈر فارم شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ دینا ہونگے اور پیشکش کی رقم بھی درج کرنا ہوگی۔

5 کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی / فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے اور زرضمانت بھی ضبط کر لے۔

6۔ کینٹین کیلئے کامیاب ٹینڈر دہندہ کو حاجی کیمپ صرف مناسب جگہ مہیا کرے گا۔ جس پر ٹینٹ / شامیانہ لگا کر کینٹین کا بندوبست ٹھیکیدار خود کرے گا نیز حاجی کیمپ میں گیس کی سہولت بھی میسر نہیں۔

7۔ PPRA Rule 2004 کے تحت ٹینڈر کمیٹی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ایک یا سب ٹینڈر بغیر وجہ بتائے مسترد کر دے اور اس کے خلاف کوئی اپیل قابل قبول نہ ہوگی۔

8۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان حاجی کیمپ کی طرف سے جاری کردہ ورک آرڈر کی شرائط کے پابند ہونگے۔

9۔ ٹینڈر فارم بمعہ شرائط و ضوابط دفتری اوقات میں دفتر ہذا سے مفت حاصل کریں اور وزارت کی ویب سائٹ (www.mora.gov.pk) سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

10۔ تمام ٹینڈر دہندگان کو حکومت پاکستان کی طرف سے لاگو ٹیکسز ادا کرنا ہونگے ٹینڈر دہند کو سیلز ٹیکس رجسٹرڈ / ٹیکس فائلر ہونے کا ثبوت ٹینڈر کے ساتھ لف کرنا ہوگا۔


**ریحان عباس کھوکھر**

ڈائریکٹر (حج)

ڈائریکٹوریٹ آف حج، قلعہ کہنہ، قاسم باغ ملتان

061-9330058


CamScanner

# حکومت پاکستان
## وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی
## ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان
## شرائط ٹینڈر فارم برائے سٹال تسبیح، ٹوپی اور احرام وغیرہ
## حج سیزن 2025

**کام کی نوعیت:** حج سیزن کے دوران حاجی کیمپ ملتان میں عازمین حج کی ضروریات کی اشیا مثلاً ٹوپی، تسبیح، چپل، احرام عبایا وغیرہ مناسب داموں پر فراہم کرنا۔

**شرائط ٹھیکہ:**

1 ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فارم کے ساتھ بولی کی رقم کا 5٪ بطور زر بیعانہ (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام "ڈائریکٹر حج ملتان" جمع کرانا ہو گا۔

2 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10٪ کے مطابق بطور Performance Security / زر ضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام " ڈائریکٹر حج ملتان " ٹینڈر منظور ہونے کے فوراً بعد جمع کرانا ہو گا جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائیگا۔

3 ٹینڈر دہندہ متعلقہ حاجی کیمپ میں سٹال کی تنصیب ڈائریکٹر حج کی طرف سے مقرر کردہ جگہ پر تجویز کردہ نمونہ کے مطابق کریگا۔

4 ٹینڈر دہندہ پیش کردہ نرخوں پر حجاج کرام کو اشیا فروخت کریگا اور سٹال پر موجود تمام اشیا کے ریٹ درج کریگا۔

5 ٹھیکیدار کو تمام اشیا کی لسٹ بمع نرخ نمایاں طور پر سٹال پر آویزاں کرنا ہو گی اگر ٹھیکیدار کسی عازم حج سے منظور شدہ نرخ سے زائد رقم وصول کرے گا تو ڈائریکٹر حج کو اختیار ہو گا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر کے دوسرے نمبر پر آنیوالے کو سب سے زیادہ بولی کی رقم سے مشروط پیشکش کرنے پر ٹھیکہ دے دیں۔

6 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو اشیا کی کوالٹی کا خاص خیال رکھنا ہو گا۔ اشیا کی ناقص کوالٹی کی صورت میں نہ صرف ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا بلکہ زر ضمانت بھی ضبط کر لی جائے گی۔

7 ٹینڈر دہندہ کو صرف حاجی کیمپ کے اندر ہی اپنا اسٹال لگانے کی اجازت ہو گی جبکہ حاجی کیمپ کے باہر اسٹال لگانے کی اجازت ہر گز نہ ہو گی

8 کامیاب ٹینڈر دہندہ از خود بجلی کا بندوبست کرے گا۔ دفتر ہذا سے بجلی لینے کی صورت میں اُسے مبلغ -/5000 روپے پیشگی جمع کرانے ہونگے۔

9 کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی / فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے اور زر ضمانت بھی ضبط کر لے۔

10 اگر ٹھیکیدار یا اس کا عملہ حاجی کیمپ میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ یا نقصان کا مرتکب ہوا تو مذکورہ ٹھیکیدار اس چیز یا جگہ کی مرمت یا نقصان کو پورا کرنے کا پابند ہو گا۔

11 ٹینڈر دہندہ ٹینڈر کے ہمراہ متعلقہ اشیا کا نمونہ پیش کرنے کا پابند ہو گا جو کہ کامیاب حج سیزن کے بعد قابل واپسی ہونگے اور صرف وہی چیزیں حاجی کیمپ میں فروخت کر سکے گا جن کو ٹینڈر کمیٹی منظور کرے گی۔

12 کامیاب بولی دہندگان کو پیشکش کی رقم بذریعہ ڈرافٹ / پے آرڈر بنام "ڈائریکٹر حج ملتان " ورک آرڈر جاری ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر ادا کرنا ہو گی۔ بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بھی ضبط کر لیا جائے گا اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو سب سے زیادہ بولی کی رقم سے مشروط پیشکش کرنے پر دیا جائے گا۔

13 ٹینڈر دہندہ اپنے کوائف اور اشیا کے نرخ اپنے لیٹر پیڈ پر دے گا۔

14 ٹینڈر میں پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے کی زر ضمانت کا ڈرافٹ بطور امانت حج سیزن مکمل ہونے تک واپس نہیں کیا جائے گا۔ جبکہ دوسرے نمبر پر

CamScanner

آئندہ اے ٹھیکیدار کو کسی بھی ہنگامی صورت حال میں صرف ایک دن کے نوٹس پر کام کرنے کیلئے تیار رہنا ہو گا۔

15 ٹھیکیدار کو کسی بھی ہنگامی صورت حال میں صرف ایک دن کے نوٹس پر کام کرنے کے لئے تیار رہنا ہو گا۔

16 ڈائریکٹر جج ایک کمیٹی تشکیل دے گا جو سٹال پر فراہم کردہ اشیا کے معیار اور نرخوں پر کڑی نظر رکھے گی اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی شکایت کی صورت میں ٹھیکیدار کو تحریری نوٹس دیا جائیگا جبکہ شکایت دور نہ کرنے کی صورت میں اس پر 5 ہزار روپے سے 10 ہزار روپے تک جرمانہ کیا جاسکتا ہے اور بار بار کی شکایت پر اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔ اور زر ضمانت ضبط کر لیا جائیگا اور اس ضمن میں ٹھیکیدار کو کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہو گا۔

17 ٹھیکیدار کا عملہ خوش اخلاق اور صاف ستھرے لباس میں ملبوس ہو گا اور ٹھیکیدار عملہ کے انٹری پاس بنوانے کے لئے تمام کوائف بمعہ شناختی کارڈ دفتر میں جمع کروائے گا جبکہ ٹھیکیدار کو اپنے عملے کے کسی قسم کے غلط برتاو / کوتاہی یا غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر براہ راست ڈائریکٹر جج کو جوابدہ ہونا پڑیگا۔

ٹھیکیدار کے کوائف:

1 نام ٹھیکیدار یا فرم------------------------------------------------------------

2 مکمل پتہ--------------------------------------------------------------------

3 شناختی کارڈ نمبر----------------------------------------------------------

4 ٹیلیفون (دفتر)----------------رہائش----------------موبائل----------------

(5) کرایہ کی پیشکش:

مبلغ--------------روپے

میں------------------ولد------------------بیان کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ٹینڈر میں حصہ لینے کا خواہشمند ہوں اس ضمن میں مبلغ---------------------روپے کا بینک ڈرافٹ نمبر--------------مورخہ------------- بنام ڈائریکٹر جج، ڈائریکٹوریٹ آف جج ملتان بطور زرِ ضمانت پیش خدمت ہے۔

دستخط--------------------

نوٹ: ٹینڈر فارم کے تمام صفحات دستخط شدہ ہیں۔

CamScanner

# لسٹ ضروری سامان برائے سفر حج۔ 2025

| نمبر شمار | اشیا کا نام | قیمت اول | قیمت دوئم | قیمت سوئم |
|---|---|---|---|---|
| 1 | احرام لیڈیز | | | |
| 2 | عبایا لیڈیز | | | |
| 3 | ٹوپی | | | |
| 4 | سینڈل لیڈیز | | | |
| 5 | چپل | | | |
| 6 | سینڈل مردانہ | | | |
| 7 | جانماز | | | |
| 8 | تسبیح | | | |
| 9 | احرام لٹھا | | | |
| 10 | احرام تولیہ | | | |
| 11 | احرام بیلٹ | | | |
| 12 | سفری ہینڈ بیگ | | | |
| 13 | سفری ہینڈ بیگ درمیانہ | | | |
| 14 | سفری ہینڈ بیگ بڑا | | | |
| 15 | اٹاچی ٹرالی بیگ | | | |
| 16 | مارکر | | | |
| 17 | پینٹ مارکر | | | |
| 18 | ڈوری (پر میٹر) | | | |
| 19 | تکیہ (ہوا والا) | | | |
| 20 | چٹائی | | | |
| 21 | صابن (بغیر خوشبو) | | | |
| 22 | چھتری | | | |
| 23 | تولیہ | | | |
| 24 | جانماز (کارپٹ) | | | |
| 25 | بوتل | | | |
| 26 | انسولین باکس | | | |
| 27 | نیل کٹر | | | |
| 28 | ہئیر برش | | | |
| 29 | موزے | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

CamScanner

**حکومت پاکستان**

**وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی**

**(ڈائریکٹوریٹ آف حج)**

**ملتان**

**ٹینڈر فارم برائے کار پارکنگ وغیرہ**

**کام کی نوعیت:** حج سیزن 2025 کے دوران حاجی کیمپ میں عازمین حج اور ان کے عزیز و اقارب کی گاڑیوں و موٹر بائیک وغیرہ کی پارکنگ کی سہولت۔

**:شرائط ٹھیکہ**

1۔ ٹینڈر دہندہ فارم کے ساتھ بولی کی رقم کا 5٪ بطور زر بیعانہ (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام "ڈائریکٹر حج ملتان" جمع کرانا ہو گا۔

2۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10٪ کے مطابق بطور Performance Security / زر ضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام "ڈائریکٹر حج ملتان" جمع کرانا ہو گا جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائے گا۔

3۔ ٹینڈر میں دیئے گئے نرخ نامے کی پابندی کرنا ہو گی۔ بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنیوالے کو انہی شرائط پر دے دیا جائیگا۔

4۔ ریٹ لسٹ بڑے بورڈ پر لکھ کر نمایاں جگہ پر آویزاں کرنا ہو گی۔

| نمبر شمار | تفصیل | پارکنگ فیس |
|---|---|---|
| 1 | موٹر کار / جیپ | 50 |
| 2 | ویگن / ڈالا | 50 |
| 3 | موٹر سائنکل / سکوٹر | 30 |
| 4 | سائنکل | 10 |

5۔ ٹینڈر دہندہ کو بجلی کا بندوبست خود کرنا ہو گا۔ اگر بجلی انتظامیہ سے لے گا تو اس صورت میں ٹینڈر دہندہ مبلغ تین ہزار (3000) روپے پیشگی جمع کرائے گا۔

6۔ پارکنگ کی ہوئی گاڑیوں کی حفاظت بذمہ ٹھیکیدار ہو گی۔ کسی قسم کے نقصانات کی صورت میں اس کی ادائیگی بذمہ ٹھیکیدار ہو گی۔

7۔ دوران حج آپریشن لاؤڈ سپیکر پر وقتاً فوقتاً کار پارکنگ کے ریٹس کے اعلانات کئے جائیں گے۔ جس پر ٹھیکیدار کو اعتراض نہ ہو گا۔

8۔ دفتر ہٰذا کی طرف سے جاری کردہ سٹکر والی گاڑیوں کی کوئی فیس وغیرہ نہ ہو گی۔

9۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی / فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے اور زر ضمانت بھی ضبط کر لے۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ کو پیشکش کی رقم بذریعہ ڈرافٹ / پے آرڈر بنام "ڈائریکٹر حج ملتان " ورک آرڈر جاری ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر ادا کرنا ہو گا۔

11۔ دفتر ھذا کو یہ اختیار حاصل ہو گا کہ وہ پیپرا رولز 2004 کے تحت ایک یا سب ٹینڈرز کوئی وجہ بتائے بغیر منظور یا مسترد کر دے اور اسے کہیں بھی چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

12۔ اگر ٹینڈر دہندہ یا اس کا عملہ حاجی کیمپ کی بلڈنگ میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ یا نقصان کا مرتکب ہوا تو مذکورہ ٹھیکیدار اس جگہ کی تعمیر یا مرمت کا کام مکمل کروانے کا پابند ہو گا۔

13۔ ٹینڈر میں پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے ٹینڈر دہندہ کی زرضمانت کا ڈرافٹ بطور امانت حج سیزن مکمل ہونے تک واپس نہیں کیا جائے گا۔ جبکہ دوسرے نمبر پر آنیوالے ٹھیکیدار کو کسی بھی ہنگامی صورت حال میں صرف ایک دن کے نوٹس پر کام کرنے کیلئے تیار رہنا ہو گا۔

14۔ ڈائریکٹر حج ایک کمیٹی تشکیل دے گا جو کہ پارکنگ فیس کی وصولی پر کڑی نظر رکھے گی جو کہ شرائط سے انحراف کرنے کی صورت میں اس پر جرمانہ عائد کرنے یا اس کا ٹھیکہ منسوخ کرنے کی سفارش ڈائریکٹر حج کو پیش کرے گی۔ جرمانے کا تعین ڈائریکٹر حج خود کریگا۔

15۔ ٹھیکیدار کا عملہ بہت خوش اخلاق اور صاف ستھرے لباس کا پابند ہو گا۔ اور عملہ کے انٹری پاس بنوانے کے لئے تمام کوائف بمعہ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ علاوہ ازیں تمام متعلقہ امور کا ٹھیکہ دار خود ذمہ دار ہو گا۔

ٹھیکید کے کوائف:۔

۱۔ نام ٹھیکیدار یا فرم________________

۲۔ مکمل پتہ________________

۳۔ شناختی کارڈ نمبر________________

۴۔ ٹیلیفون (دفتر)________ رہائش________ موبائل________

:۵۔ کرایہ کی پیشکش

مبلغ---------------روپے

میں________ ولد________ بیان کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ٹینڈر میں حصہ لینے کا خواہشمند ہوں اس ضمن میں مبلغ--------------------------روپے کا بینک ڈرافٹ نمبر________ مورخہ ________ بنام ڈائریکٹر حج، ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان بطور زرضمانت پیش خدمت ہے۔

دستخط---------------

نوٹ ٹینڈ فارم کے تمام صفحات دستخط شدہ ہیں۔

CamScanner

**حکومت پاکستان**

**وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی**

**ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان**

**شرائط ٹینڈر فارم برائے کینٹین (دار طعام خانہ)**

**حج سیزن 2025**

**کام کی نوعیت: حج سیزن کے دوران حاجی کیمپ ملتان میں عازمین حج کو خورد و نوش کی معیاری اشیاء مہیا کرنے کے لئے کینٹین کا بندوبست کرنا۔**

**شرائط ٹھیکہ:**

1 ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فارم کے ساتھ بولی کی رقم کا 5٪ بطور زر بیعانہ (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام " ڈائریکٹر حج ملتان " جمع کرانا ہوگا۔

2 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10٪ کے مطابق بطور Performance Security / زر ضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام " ڈائریکٹر حج ملتان" ورک آرڈر جاری ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر جمع کرانا ہوگا جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائیگا۔

3 حاجی کیمپ میں کوئی مستقل کینٹین نہیں ہے۔ اس لئے کینٹین کیلئے کامیاب ٹینڈر دہندہ کو حاجی کیمپ صرف مناسب جگہ مہیا کرے گا۔ جس پر ٹینٹ / شامیانہ لگا کر کینٹین کا بندوبست ٹھیکدار خود کرے گا۔ نیز حاجی کیمپ میں گیس کی سہولت بھی میسر نہیں ہے۔

4 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو کینٹین کے لئے بجلی کا بندوبست از خود کرنا ہوگا۔ دفتر ہذا سے بجلی لینے کی صورت میں مبلغ۔/5,000 روپے ایڈوانس جمع کرانا ہوں گے۔

5 اگر کوئی فرم/پارٹی حجاج کرام کو مفت کھانا / مشروبات / چائے مہیا کرے گی تو اس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

6 کامیاب ٹینڈر دہندہ کھانے پینے کی تمام اشیاء دفتر ہذا سے منظور شدہ نرخوں کے مطابق فروخت کرنے کا پابند ہوگا۔

7 کامیاب ٹینڈر دہندہ منظور شدہ نرخ بورڈ پر لکھ کر کینٹین میں نمایاں جگہ پر آویزاں کریگا۔

8 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو کھانے پینے کی اشیاء کا حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق صفائی، مقدار اور معیار کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔

9 کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی / فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے اور زر ضمانت بھی ضبط کر لے۔

10 انتظامیہ کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ناقص، غیر معیاری یا مضر صحت اشیاء کو تلف کر دے اور کسی قسم کی شکایت یا خلاف ورزی کی صورت میں ٹینڈر منسوخ کر دیا جائیگا۔

11 کینٹین میں حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تمام اشیاء کو گرد اور کیڑے مکوڑوں سے ڈھانپ کر رکھنا ہوگا۔ نیز عازمین حج کے بیٹھنے کی جگہ کی صفائی، مکھیوں مچھروں سے بچاؤ کے لئے روزانہ کم از کم تین اوقات میں سپرے کا انتظام بذمہ ٹھیکیدار ہوگا۔

12 ڈائریکٹر حج کی قائم کردہ کمیٹی وقتاً فوقتاً کینٹین کا معائنہ کرے گی اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی کرے گی۔

13 کامیاب ٹینڈر دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ بااخلاق اور صاف ستھرے لباس میں ملازم تعینات کرے جو کام کے وقت یونیفارم میں ہوں گے۔ ٹھیکیدار اپنے عملے کے انٹری پاس بنوانے کے لئے تمام کوائف بمعہ شناختی کارڈ دفتر میں جمع کروائے گا اور اپنے عملے کے کسی قسم کے غلط سلوک/کوتاہی یا غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر براہ راست ڈائریکٹر حج کو جوابدہ ہونا پڑیگا۔

14 ٹھیکہ اشیاء کے مناسب ریٹ اور سب سے زیادہ کرایہ کی پیشکش کرنے والے کو دیا جائے گا تاہم ڈائریکٹر حج کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر ایک یا سب کے سب ٹینڈر منظور یا مسترد کر دے اور اسے کہیں بھی چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔

15 ٹینڈر میں پہلے اور دوسرے نمبر پر کامیاب ہونے والے کی زر ضمانت کا ڈرافت بطور امانت حج سیزن مکمل ہونے تک واپس نہیں کیا جائے گا۔ جبکہ دوسرے نمبر پر آنیوالے ٹھیکیدار کو کسی بھی ہنگامی صورت حال میں صرف ایک دن کے نوٹس پر کام کرنے کیلئے تیار رہنا ہوگا۔

16 کامیاب ٹینڈر دہندہ حکومت کو کرایہ کی مد میں پیش کردہ رقم بینک ڈرافٹ کی صورت میں کام شروع کرنے سے ایک ہفتہ پہلے جمع کرانا ہوگی بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بھی ضبط کر لیا جائے گا۔ اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو سب سے زیادہ بولی کی رقم سے مشروط پیشکش کرنے پر دے دیا جائے گا۔

18 اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ یا اس کا عملہ حاجی کیمپ میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ یا نقصان پہنچانے کا مرتکب ہوا تو مذکورہ ٹھیکدار اس جگہ کی فوری مرمت اور دیگر سرزد

CamScanner

ہونے والے نقصان کو پورا کرنے کا پابند ہو گا۔

19 اگر کامیاب ٹینڈر دہندہ مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کرے گا تو انتظامیہ کو حق حاصل ہو گا کہ شکایت کی صورت میں اس پر مبلغ-/10,000 روپے تک جرمانہ عائد کرے جبکہ مسلسل شکایات کی صورت میں نہ صرف ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا بلکہ زر ضمانت بھی ضبط کر لی جائیگی۔ اس ضمن میں ڈائریکٹر جج کا فیصلہ حتمی ہو گا نیز ٹھیکیدار کو اس ضمن میں کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہ ہو گا۔

ٹھیکیدار کے کوائف:

1 نام ٹھیکیدار یا فرم---------------------------------------------------------

2 مکمل پتہ-----------------------------------------------------------------

3 شناختی کارڈ نمبر-------------------------------------------------------------

4 ٹیلیفون (دفتر)------------------ رہائش------------------ موبائل----------------

(5) کرایہ کی پیشکش:

مبلغ---------------- روپے

میں--------------------------- ولد--------------------------- بیان کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں ہیں اور ٹینڈر میں حصہ لینے کا خواہشمند ہوں اس غرض سے مبلغ--------------------------- روپے کا بینک ڈرافٹ بنام ڈائریکٹر جج، ملتان بطور زر ضمانت پیش خدمت ہے۔

دستخط---------------------

(نوٹ) ٹینڈر فارم کے تمام صفحات دستخط شدہ ہیں۔

CamScanner

## ریٹ لسٹ

| نمبر شمار | فہرست | مقدار | ریٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | بیف کڑاہی ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 2 | مٹن کڑاہی ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 3 | چکن کری ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 4 | قیمہ بیف ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 5 | سبزی گوشت ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 6 | انڈا ٹماٹر ایک پلیٹ | دو انڈوں کے ساتھ | |
| 7 | روٹی | ایک عدد | |
| 8 | چپاتی | ایک عدد | |
| 9 | سبزی ایک پلیٹ | 200 گرام | |
| 10 | چکن بریانی ایک پلیٹ | 250 گرام | |
| 11 | بیف بریانی ایک پلیٹ | 250 گرام | |
| 12 | ابلے چاول ایک پلیٹ (بمعہ چنے/دال) | 250 گرام | |
| 13 | سادہ پلائو | 250 گرام | |
| 14 | پراٹھا معیاری سائز | 1 عدد | |
| 15 | انڈا آملیٹ | 2 انڈے | |
| 16 | ابلا ہوا انڈا | 1 عدد | |
| 17 | حلوہ پوری | 1 عدد پوری + 50 گرام حلوہ | |
| 18 | دہی | 250 گرام | |
| 19 | سموسہ آلو/سبزی والا | سٹینڈرڈ سائز | |
| 20 | سموسہ چھوٹا قیمہ والا | ایک عدد | |
| 21 | شامی کباب | سٹینڈرڈ سائز | |
| 22 | لسی گلاس بڑا | ½ لیٹر | |
| 23 | دال مسور فی پلیٹ | 200 گرام | |
| 24 | دال ماش فی پلیٹ | 200 گرام | |
| 25 | دال چنا فی پلیٹ | 200 گرام | |
| 26 | چائے مکس | بڑا کپ | |
| 27 | چائے سیپرٹ | ½ سیٹ | |

بیکری آئٹم مثلاً سافٹ ڈرنک، بن، شیر مال، بن چھوٹا کیک پیس سادہ، مکھن (30 گرام)، ڈبل روٹی، بسکٹ میٹھے اور نمکین کمپنی ریٹ کے مطابق فروخت کرنا ہوں گے۔

CamScanner

# حکومت پاکستان
## وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی
## ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان
## شرائط ٹینڈر فارم برائے فوٹو کاپی / لیمینیشن (ورق سازی)
## حج سیزن 2025

**کام کی نوعیت: حاجی کیمپ ملتان کے لئے حج سیزن کے دوران فوٹو کاپی اور لیمینیشن سروس مہیا کرنا۔**

**شرائط ٹھیکہ:**

1 ٹینڈر دہندہ کو ٹینڈر فارم کے ساتھ بولی کی رقم کا 5٪ بطور زر بیعانہ (قابل واپسی) بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام ڈائریکٹر حج، ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان جمع کرانا ہو گا۔

2 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو Bid Amount کے 10٪ کے مطابق بطور Performance Security / زر ضمانت بینک ڈرافٹ کی صورت میں بنام ڈائریکٹر حج، ڈائریکٹوریٹ آف حج ملتان میں جمع کرانا ہو گا۔ جو کہ کام کی تسلی بخش تکمیل اور حج سیزن کے اختتام پر واپس کیا جائیگا۔

3 ٹینڈر دہندہ کے لئے لازمی ہے کہ وہ پہلے سے فوٹو کاپی اور لیمینیشن کے کاروبار سے منسلک ہو۔ ڈائریکٹر حج یا اس کا نمائندہ کامیاب ٹینڈر دہندہ کے موجودہ کاروبار کا معائنہ کرنے کا مجاز ہو گا۔

4 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ڈائریکٹوریٹ آف حج کی طرف سے الاٹ کردہ جگہ پر اسٹال لگانا ہو گا۔

5 کامیاب ٹینڈر دہندہ حجاج کرام کی سہولت کے لئے 24 گھنٹے سروس مہیا کرے گا اور فوٹو سٹیٹ مشینوں کی خرابی کی صورت میں فوری متبادل مشینوں کا انتظام کرے گا۔

6 کامیاب ٹینڈر دہندہ کو زر ضمانت کا بینک ڈرافٹ کام کی تسلی بخش تکمیل کے بعد واپس کیا جائیگا۔

7 ٹھیکہ صرف اسی کو ملے گا جو فی کاپی کم ریٹ اور سب سے زیادہ کرایہ کی پیشکش کرے گا۔

8 کامیاب ٹینڈر دہندہ اپنا کام کسی دوسری پارٹی / فرم کو منتقل نہیں کر سکے گا۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوا تو انتظامیہ کو اختیار ہو گا کہ اس کا ٹھیکہ منسوخ کر دے او زر ضمانت بھی ضبط کر لے۔

9 کامیاب ٹینڈر دہندہ بجلی کا بندوبست از خود کرے گا۔ دفتر ہذا سے بجلی کی ترسیل لینے کی صورت میں اُسے مبلغ -/5000 روپے جمع کرانا ہونگے۔

10 کامیاب ٹینڈر دہندہ حکومت کو کرایہ کی مد میں پیش کردہ رقم بینک ڈرافٹ کی صورت میں ورک آرڈر جاری ہونے کے ایک ہفتہ کے اندر جمع کرانا ہو گی بصورت دیگر ٹینڈر منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بھی ضبط کر لیا جائے گا۔ اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر آنے والے کو سب سے زیادہ بولی کی رقم سے مشروط پیشکش کرنے پر دے دیا جائے گا۔

11 کرایہ کی پیشکش میں کسی قسم کی رعایت قبول نہیں کی جائے گی۔ مشروط ٹینڈر بھی قابل قبول نہ ہو گا۔

12 ٹینڈر میں پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والی پارٹی / فرم کا بینک ڈرافٹ بطور زر ضمانت حج سیزن مکمل ہونے تک واپس نہیں کیا جائیگا۔

13 ٹھیکیدار منظور شدہ ریٹ کا بورڈ سٹال کے سامنے نمایاں جگہ پر آویزاں کریگا اور کسی بھی صورت میں منظور شدہ نرخ سے زائد وصول نہیں کرے گا۔ عازمین حج کیطرف سے نرخ سے زیادہ وصولی کی شکایت پر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بھی ضبط کر لیا جائیگا۔

CamScanner

14 ٹھیکیدار یا اس کا عملہ حاجی کیمپ میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ یا نقصان کا مرتکب ہوا تو مذکورہ ٹھیکیدار اس کی مرمت اور مطلوبہ نقصان کو پورا کرنے کا پابند ہوگا۔

16 ٹینڈر دہندہ درج ذیل کام کرنے کے مناسب ریٹ دے گا

فوٹوسٹیٹ فی کاپی----------

لیمینیشن فی کاپی----------

**ٹھیکیدار کے کوائف:-**

1 نام ٹھیکیدار یا فرم--------------------------------------------------------------

2 مکمل پتہ--------------------------------------------------------------

3 شناختی کارڈ نمبر--------------------------------------------------------------

4 ٹیلیفون (دفتر)----------------رہائش----------------موبائل-------------

(5) کرایہ کی پیشکش:

مبلغ---------------روپے

میں---------------ولد--------------------بیان کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ٹینڈر میں حصہ لینے کا خواہشمند ہوں اس ضمن میں مبلغ--------------------روپے کا بینک ڈرافٹ نمبر------------مورخہ------------بنام ڈائریکٹر حج، ملتان بطور زرِ ضمانت پیش خدمت ہے۔

دستخط--------------------

نوٹ: ٹینڈر فارم کے تمام صفحات دستخط شدہ ہیں۔